گورو دت پکچرز کا

साहिब बीबी और गुलाम

صاحب بیبی اور غلام

اداکاران

مینا کماری۔ گورو دت۔ رحمان۔ وحیدہ رحمان

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

صاحب بی بی اور غلام کے گانے

گانا نمبر ۱

میری بات رہی میرے من میں
کچھ کہہ نہ سکی الجھن میں
میرے سپنے ادھورے ہوئے نہیں پورے
آگ لگی جیون میں — میری بات رہی —
او رسیا من بسیا نس نس میں ہو تم ہی سمائے
میرے نینا کریں بنتیا میرا درد نہ تم سن پائے
جیا مورا پیاسا رہا ساون میں — میری بات —
کچھ کہتے کچھ سنتے کیوں چلے گئے دل کو مسل کے
میری دنیا ہوئی سونی آس کے دیپک جل کے
چھپا رے اندھیرا موری انکھین میں — میری بات —

گانا نمبر ۲: — ساقیا آج مجھے نیند نہیں آئے گی
سنا ہے تیری محفل میں رت جگا ہے
آنکھوں آنکھوں میں یونہی رات گذر جائے گی — سنا ہے —
ساقی ہے اور شام بھی الفت کا جام بھی
تقدیر سے اسی کی جو لے ان سے کام بھی
رنگ محفل ہے رات بھر کے لیے
سوچنا کیا ابھی سحر کے لیے

تیرا جلوہ ہو تیری صورت ہو
اور کیا چاہئیے نظر کے لئے
آج صورت تیری بے پردہ نظر آئے گی ۔ سُنا ہے ۔
محبت میں جو مٹ جاتا ہے وہ کچھ کہہ نہیں سکتا
یہ وہ کوچہ ہے جس میں دِل سلامت رہ نہیں سکتا
کس کی دُنیا یہاں تباہ نہیں
کون ہے جس کے لب پہ آہ نہیں
حسُن پر دِل ضرور آئے گا
اس سے بچنے کی کوئی راہ نہیں
زندگی آج نظر ملتے ہی لٹ جائے گی ۔ سُنا ہے ۔
گانا نمبر۳: ۔ جیا بُجھا بُجھا نیناں تھکے تھکے
پیا دھیرے دھیرے چلے آؤ
کوئی دُور سے آواز دے چلے آؤ
چلے آؤ ۔ چلے آؤ
رات رات بھر انتظار ہے
دِل درد سے بے قرار ہے
ساجن اِتنا تو نہ تڑپاؤ چلے آؤ ۔ کوئی دُور سے ۔
میرے پاس ہو پھر بھی دُور ہو
بتلاؤ بھی جو قصور ہو
اپنوں کو اپنے نہ ٹھکراؤ چلے آؤ ۔ کوئی دُور سے ۔
آس توڑ کے منہ موڑ کے

کیا پاؤ گے ساتھ چھوڑ کے

برہن کو اب یوں نہ ترسا کے جلانے آؤ — کوئی دور
گاتا ہے

میری جاں او میری جاں اچھا نہیں اتنا ستم
مجھے تنہا چھوڑ صنم مر گئی میں تیری قسم — میری جاں —
میری آنکھیں نہیں مستی کے پیمانے ہیں
ان میں چھلکتے ہوئے مجھے پیار کے پیمانے ہیں
ہوش کا نام نہ لے ، دیکھ الزام نہ لے
آ میری آنکھ سے پی ، ہاتھ میں جام نہ لے
آج پھر بھر کے محبت میں بہکنے دے قدم — میری جاں
بے خودی نے مجھے مستانہ بنا ڈالا ہے
مجھ کو بھی پیار نے دیوانہ بنا ڈالا ہے
تو ہے مدہوش ادھر، میں ہوں بیتاب ادھر
نہ مجھے اپنا پتہ نہ تجھے اپنی خبر
زندگی بھر یہ محبت کا نشہ ہو گا نہ کم — میری جاں —

گاتا ہو: — ساحل کی طرف کشتی لے چل
طوفاں کے تھپیڑے سہتا گیا
تو آپ ہی اپنا مانجھی بن
موجوں کے سہارے بہتا گیا — ساحل کی —
یہ بیچ سفر میں کیسی تھکن
منزل بھی تیری جب دور نہیں

سوئے ہوئے راہی جاگ ذرا
خوابوں میں الجھے کر رہنا کیا ـــ ساحل کی ـ
کچھ نیند بھی ہے کچھ ہوش بھی ہے
نہ جانے یہ عالم کون سا ہے
یا ڈوب جا یا چل ساحل پر
تنکے کے سہارے بہنا کیا ـ ساحل کی ـ
گانا نمبر ۲: ـ بھنورا اتنا نادان ہائے
بگین کا مہمان ہائے
پھر بھی جانے نا ـ جانے نا
جانے نا ـ کلین کی مسکان ہائے
بھنورا اترا نادان ہائے
کبھی اڑ جائے کبھی منڈلائے
بھید جیا کے کھولے نا
نینا سامنے آئے نین ملائے
مکھ دیکھے کچھ بولے نا
بھنورا اترا نادان ہائے
انکھیوں میں رنج کے چلے بنج بنج کے
جیسے ہو کوئی بیگانہ
رہے سنگ دل کے ملے نہیں مل کے
بن کے رہے وہ انجانا
بھنورا اترا نادان ہائے

کوئی جب رو کے کوئی جب ٹوکے
گن گن کر نا بھائے رے
نا بجھے بوجھے نا بجھے بوجھے
کیسا انا ڑی لاگے رے
بھنورا الہڑ انادان ہا رے

گانا نمبر ۷:- نہ جاؤ سیاں چھڑا کے بیاں
قسم تمہاری میں رو پڑوں گی
مچل رہا ہے سہاگ میرا
جو تم نہ ہو گے تو کیا کروں گی
نہ جاؤ سیاں —
یہ بکھری زلفیں یہ کھلتا گجرا
یہ مہکی چنری یہ من کی مدرا
یہ سب تمہارے لئے ہے پریتم
میں آج تم کو نہ جانے دوں گی
نہ جاؤ سیاں —
میں تمہری داسی جنم کی پیاسی
تمہیں ہو میرا سنگھار پریتم
تمہارے رستے کی دھول لیکر
میں مانگ اپنی سدا بھروں گی
نہ جاؤ سیاں —
جو مجھ سے اکھیاں چرا رہے ہو

تو میری اِتنی عرضی بھی سن لو
تمہارے چرنوں میں آ گئی ہوں
یہیں جیوں گی یہیں مروں گی
نہ جیا لاگے پیا ـــ

گانا نمبر ۱ :- پیا الیو جیا میں سمائے گیو رے
کہ میں تن من کی سدھ بدھ گنوا بیٹھی
ہر آہٹ یہ سمجھی وہ آئے گیو رے
جھٹ گھونگھٹ میں مکھڑا چھپا بیٹھی
پیا الیو جیا میں ـــ
مورے انگنا میں جب پروا چلی
مورے دوارے کی کھل گئی کواڑیا
میں نے جانا کہ آ گئے سانوریا مورے
جھٹ پھولن کی سیجیا پہ جا بیٹھی
پیا الیو جیا میں ـــ
میں نے سیندور سے مانگ اپنی بھری
روپ سیّاں کے کارن سجایا
اس ڈر سے کہ پی کی نظر نہ لگے
جھٹ نین میں کجرا لگا بیٹھی
پیا الیو جیا میں ـــ

ختم شد

صنعت و حرفت ٹیکنیکل اور بکینگ

دستکار اور

ہنری بنانے والی کتابیں

الیکٹرک گائیڈ	4/-/-	ونشکر ماڈرن	6/-/-
ڈیک ٹائپ گائیڈ	4/-/-	الیکٹرک وائرنگ	4/-/-
موٹر گائیڈ	4/-/-	خراد شکشا	3/-/-
کروڈ آئل	5/-/-	آئیل انجن گائیڈ	5/-/-
کپڑے رنگنے کا ہنر	2/-/-	ٹریکٹر گائیڈ	4/-/-
مکمل فوٹوگرافی	2/8/-	جنتری پیمائش جریب	1/4/-
روشنائی سازی	2/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
خوشبو	1/8/-	کاشتکاری باغبانی	4/-/-
فن عطر سازی	2/-/-	مکمل دوا خانہ دو حصہ	4/-/-
گھڑی سازی	2/8/-	تمباکو کی دوکان	2/-/-
ریڈیو گائیڈ	4/-/-	بوٹ پالش بنانا	2/8/-
صابون سازی	1/8/-	سینما مشین آپریٹر	4/-/-
شیشہ سازی	2/-/-	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
اچار مربے چٹنی	1/8/-	بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا	1/8/-
باورچی خانہ	2/8/-	آسان انگلش ٹیچر	2/-/-
مجموعہ فالنامہ	1/-/-	دھوپ گھڑی بنانا	1/8/-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد ... پریس دہلی)